بود حضرت شیخ العالمؒ را بآن دیوانہ
محبتے بود و او حالے و کمالے داشت
در مسجد میبودے و او فتادہ میماندے

اور یہ لوگ انکے لیے جو کھانے لایا کرتے وہ
سب کھانے حضرت شیخ العالم کے واسطے رکھ چھوڑا
کرتے جب حضرت شیخ العالم انکے پاس تشریف
لیجاتے تو رکھے ہوے کھانے حضرت شیخ العالم کے
سامنے رکھدیا کرتے اور یون فرماتے کہ اے احمد یہ
خدا کی نعمت ہے کھاؤ اور کھلاؤ چنانچہ حضرت
شیخ العالم وہ کھانے آپ بھی نوش فرماتے اور
اُن ہوشیار سے بہتر دیوانہ کو بھی نوش کراتے
اتفاق سے ایک روز ایک خراسانی دیوانہ گورے
چٹے لمبے قد کے آئے اور ان دیوانہ بزرگ سے
غضبناک ہو کر کہا کہ تو میری ولایت ویران کر آیا
اب مین تیری ولایت ویران کرتا ہون ان
دیوانون مین یہ گفت وشنود پیش آنے کے
ایک مدت بعد اتفاق سے ایک رات بی بی فاطمہ
نے فرمایا کہ بیٹا احمد آج رات کو اس ضعیفہ نے خواب
دیکھا کہ ایک حوض مین لوگ مچھلیان مار رہے ہین
حضرت شیخ العالم نے فرمایا کہ اے بی بی اس فقیر
نے بھی آج ہی رات کو یہ خواب دیکھا کہ ایک بہت
بڑے حوض سے جو ایک دریا کے مانند ہے بڑی
بڑی مچھلیان لوگ شکار کر رہے ہین اسقدر افراط
سے جو شمار مین نہین آسکتین - اسکے بعد حضرت

خلق اور المعام مے آوردے واو
آن طعام را از جہت حضرت شیخ
العالم میداشتے حضرت شیخ العالم
چون مے آمدے دیوانہ میگفتے کہ اے
احمد نعمت خداست بخور و بخوران
حضرت شیخ العالم آن طعام خود
خوردے واو را خورانیدے
روزے از روزہا دیوانہ خراسانی
دراز قد و سپید پوست پیدا شد با این
دیوانہ بغضب بگفت تو ولایت ما را
خراب کردہ آمدی اینک ما ولایت تو
خراب میکنم بعد از مدتے ناگاہ
شبے از شبہا بی بی فاطمہ
فرمودند کہ بیٹا احمد امشب این
ضعیفہ خواب دیدہ است کہ در حوضے
ماہیان میگرفتند حضرت شیخ
العالم فرمودند کہ بی بی فاطمہ این
فقیر ہم امشب خواب دیدہ است
کہ در حوض بزرگ کہ چون دریاست
ماہیان بزرگ میگرفتند چندانکہ در عدد
وحصر نیاید بعد از آن حضرت

شیخ العالمؒ نے فرمایا تمہارے خواب کی تعبیر
ہے کہ تمام شام ویران ہوجائیگا اور میرے خواب
کی تعبیر یہ ہے کہ شہر دہلی ویران ہوجائے گا
ان تعبیرون پہ چند روز سے زیادہ نہ گذرے
تھے کہ یکایک غلغلہ بلند ہوا کہ مغل آپہونچے اتفاق
سے یہ شور اور غلغلہ شروع ہونے کا وہ وقت
تھا کہ بی بی فاطمہؒ کھچڑی کی ہنڈیا چولھے پر چڑھی
ہوئی چھوڑکر سوت مول لینے بازار گئی تھیں اور
ہنوز واپس نہ آئی تھیں نا چار حضرت شیخ العالمؒ
بی بی فاطمہؒ کی محبت سے بازار تشریف لیگئے
تو کیا دیکھتے ہین کہ قیامت کے دن کا سا زلزلہ
پڑا ہوا ہے بی بی فاطمہؒ ڈھونڈے نہین ملین
اسی انتشار مین حضرت شیخ العالمؒ اتفاق سے
اُس مسجد مین تشریف لیگئے جسمین دیوانہ بزرگ
رہتے تھے تو دیکھا کہ وہ بزرگ دیوانہؒ موجود ہین
حضرت شیخ العالمؒ ایک گھڑی بھر ان بزرگ
دیوانہ کے پاس بیٹھے بزرگ دیوانہؒ نے فرمایا
کہ اے احمدؒ خدا کا قہر اوتر چکا ہے حضرت
شیخ العالمؒ نے پوچھا کہ آپکا کیا حال ہے جواب دیا
کہ مین بھی اس قہر مین داخل ہون اس گفت و
شنود کے بعد حضرت شیخ العالمؒ پھر

شیخ العالمؒ تعبیر خواب فرمودند
کہ خواب شما آنست کہ شام خراب
شود و خواب من آنست کہ شہر دہلی
خراب شود چند روز نگذشتہ
بود کہ شور افتاد کہ مغلان رسیدند
بی بی فاطمہؒ دیگ طعام کھچڑی پزیدہ
ہم بر دیگدان گذاشتہ در بازار جہت
خریدن ریسمان رفتہ بود بی بی فاطمہؒ
از بازار نیامدہ بود کہ حضرت شیخ العالمؒ
در خیال بی بی فاطمہؒ سوے بازار رفتند
چہ بینند کہ زلزلۂ روز قیامت افتادہ
است با بی بی فاطمہؒ ملاقات نشدہ
بعدہ در آن مسجد رفتند چہ بینند
کہ آن دیوانہ موجود است ساعتے باو
نشستند دیوانہ گفت اے احمدؒ
قہر خدا نازل شدہ است حضرت
شیخ العالم قدس اللہ سرہ
فرمودند کہ حال شما چیست
دیوانہ گفت ما نیز مے آیم بعدہ
حضرت شیخ العالمؒ
قدس اللہ سرہ باز

بی بی فاطمہؒ کے گھر مین تشریف لیگئے تو معلوم ہوا کہ فاطمہ بی بیؒ ابھی تک بازار سے گھر مین واپس نہین آئین اور گھر مین کوئی نہین ہے اور کھچڑی کی پتیلی چولھا پر ستور رہتو رکھے ہے چڑھی ہوئی ہے حضرت شیخ العالمؒ نے ایک لقمہ کھچڑی اس پتیلی سے نکالی اور تکبیر فرمائی اور اُسی عالم حیرت مین زبان مبارک سے یہ ارشاد فرمایا کہ آج کے روز ملک کس شخص کا ہے۔ اللہ یگانہ قہر کرنے والے کا ہی اور یہ ارشاد فرماکر فاطمہ بی بیؒ کے گھر سے تشریف لیگئے۔

نقل ہے کہ ایک بار حضرت شیخ العالمؒ مقام سُنّام سے پانی پت کو اپنے پیر و مرشد شیخون کے شیخ حق اور دین کے جلال حضرت شیخ جلال الدینؒ کی خدمت مین تشریف لیگئے اور دیکھا کہ حضرت شیخ جلال الدینؒ کے خادم اسباب باندھتے اور کسی پہاڑ کی جانب سفر کی طیاری کرتے ہین حضرت شیخ العالمؒ کو دیکھتے ہی حضرت شیخ جلال الدینؒ نے ایک طبق چانولون کا حضرت شیخ العالمؒ کو عطا کیا اور فرمایا کہ اے عبد الحقؒ یہان سے چلے جاؤ کیونکہ خدا کا قہر نازل ہوا ہے حضرت شیخ العالمؒ یہ ارشاد سُنتے ہی روانہ ہوگئے اتفاق سے چند حاجی

در خانۂ بی بی فاطمہؒ آمدند چہ بینند کہ در خانۂ بی بی فاطمہؒ کسے نیست و دیگ کھچڑی بجان بالاے دیگدان است حضرت شیخ العالمؒ یک لقمہ از میان دیگ بر گرفتند و تکبیر گفتند و از سر حیرت بزبان حال فرمودند لمن الملک الیوم۔ للہ الواحد القہار و بیرون آمدند۔

نقل است کہ حضرت شیخ العالمؒ قدس اللہ سرہ از سنّام در پانی پت آمدند بہ پیر خود شیخ المشائخ سلک شیخ جلال الحق والدین قدس اللہ سرہ چہ بینند کہ خدمتگاران شیخ المشائخ حضرت شیخ جلال الحق والدین قدس سرہ رخت مے بندند و مستعد می شوند و مے خواہند کہ سوے کوہے روان شوند یک طبق برنج آوردند و شیخ المشائخؒ حضرت شیخ العالمؒ را دادند و فرمودند کہ اے عبد الحق برو کہ قہر خدا نازل شدہ است حضرت شیخ العالمؒ از آنجا روان شدند چند نفر از حاجیان

حضرت شیخ العالم کے ہمراہ ہوگئے اور وہ سب دہلی
کی جانب چلے لیکن حضرت شیخ العالم نے فرمایا
کہ دہلی پر اللہ کا قہر ہے ہم دہلی نہین جائینگے
اور یہ عذر کرکے حضرت شیخ العالم بدایون مین
رونق افروز ہوئے۔

نقل ہے کہ سفر فرمانے کے زمانہ مین حضرت
شیخ العالم نے ایک رات کسی مسجد مین مقام فرمایا
اور وہ جمعہ کی رات تھی آپ نے دیکھا کہ جو مسلمان
اس مسجد مین داخل ہوتا سات اذانین دیتا
حضرت شیخ العالم سے بھی لوگون نے کہا کہ اے
مسافر تم بھی اذانین دو کہ آج جمعہ کی رات ہے
حضرت شیخ العالم نے لوگون سے سوال کیا کہ
جمعہ کی رات مین فی مسلمان سات اذان کہنے کی
آپ سب کی غرض اور نیت کیا ہے سب نے جواب دیا
کہ یہ غرض اور نیت ہے کہ جمعہ کی رات متبرک ہے
اس رات مین اگر ہر شخص سات اذانین دیگا تو
اللہ برتر ہفتہ بھر کی تمام بلاؤن سے اس مقام
اور اس کی مخلوق کو جو یہان موجود ہین محفوظ
رکھیگا اور امن وامان قائم رہیگی حضرت شیخ العالم
نے جواب دیا کہ مجھسے ہرگز یہ نہو سکیگا کہ مین اس
نیت سے بار بار اذانین دون جس نیت سے

مصاحب شدند ایشان در دہلی رفتند حضرت
شیخ العالم فرمودند کہ قہر خدا نازل شدہ
است ما در دہلی نرویم حضرت شیخ العالم
در بدایون آمدند۔

نقل است کہ حضرت شیخ العالم
در ایام مسافرت شبے از شبہا در مسجدے
فرود آمدند و آن شب جمعہ بود مسلمانان
کہ مے آمدند ہفت بانگ نماز
میگفتند حضرت شیخ العالم را ہم میگفتند
کہ اے مسافر تو ہم بانگ نماز بگوے
امشب جمعہ است حضرت شیخ العالم
فرمودند شما را در گفتن ہفت بانگ نماز
در شب جمعہ چہ نیت است تا بدانیم
اینان گفتند از بہر آنکہ تا از برکت
ہفت بانگ نماز کہ درین شب متبرکہ
بگویند اللہ تعالے از بلاہاے تمامی
ہفتہ ازان مقام و ازان بندگان کہ در آن
مقام اند دور کند و در امن و امان
خویش نگاہ دارد حضرت شیخ العالم
فرمودند کہ مرا بدین نیت دست
نمیدہد کہ تکرار بانگ نماز بگویم

آپ سب لوگ دیتے ہین لوگون نے دریافت کیا کہ آخر
اس نیت سے آپ کیون نہین دے سکتے حضرت
شیخ العالم نے جواب دیا کہ جو بندہ اللہ برتر کی عبادت
اپنا بھلا ہونے کی امید پر کرتا ہے اور اللہ برتر کے
امتحان اور آزمائش سے دوری چاہتا ہے وہ بدی
اور نیکی کا بندہ ہوتا ہے نہ کہ خدا کا بندہ۔ اور خدا کا
بندہ مخلص (یعنی صاحب خلوص) ہوتا ہے نہ کہ
دو رو۔ اور خلوص و اخلاص اسکا نام ہے کہ بندہ
کا مقصد اور مطلب اللہ کی عبادت سے سوا اللہ
پاک کی ذات کے اور کوئی شے نہو اور حضرت
اللہ کے اس ارشاد کی تعمیل کے لیے عبادت کرے
کہ (اور عبادت کرتے ہین اللہ کی اپنے دین اور
روش کو خاص اللہ ہی کے لیے خالص کرکے)
حضرت شیخ العالم کا یہ جواب سُنکر سب حیران
رہ گئے کہ یہ فقیر کیا کہتا ہے۔

نقل ہے کہ حضرت شیخ العالم مقام پنڈوہ مین تشریف
لیگئے اور یہ ارادہ فرمایا کہ شہر پنڈوہ کے لوگون سے
ملاقات کریں ایک شخص سے دریافت فرمایا کہ
اس شہر مین سب سے زیادہ عقلمند اور صاحب
فضیلت کون بزرگ ہے اس شخص نے جواب دیا
کہ فلان عقلمند سب سے فاضل و بزرگتر ہے حضرت

ایشان گفتند چرا نیت وسنت نمیدہید
حضرت شیخ العالم فرمودند بندہ
کہ خدای تعالی را از جہت نیکی
پرستد و از بلای او دوری جوید
آن بندہ نیکی و بدی باشد نہ بندہ
خدا و بندہ خدا مخلص بود نہ منافق
و اخلاص آنست کہ مطلوب
و مقصود او جز ذات حضرت
صمدیت نباشد واعبدوا اللہ مخلصین
پارہ (۲۳) رکوع (۲۳) ۱۲
له الدین ایشان حیران ماندند
کہ درویش چہ میگوید۔

نقل است کہ حضرت شیخ العالم
قدس اللہ سرہ در پنڈوہ
رفتند و خواستند کہ اکابران
شہر را ملاقات فرمایند
پرسیدند از کسی کہ دانشمند
درین شہر از ہمہ فاضل تر
و بزرگ تر کیست آن کس
جواب داد کہ فلان دانشمند
از ہمہ فاضل و بزرگ تر
است حضرت شیخ العالم

پاک کی اللہ نے انکی روح اس عقلمند کے پاس تشریف
لیگئے اور ملاقات کی اتفاق سے وہ اسوقت
سبق پڑھانے مین مصروف تھے اور سب طالبعلم
پڑھ رہے تھے سبق پڑھانا انھون نے کچھ دیر تک موقوف
رکھا اور حضرت شیخ العالم سے باتین کرنے لگے
حضرت شیخ العالم نے ان بزرگ سے اللہ برتر کی
بے نیاز ذات کے پہچاننے کے علم کی خواہش کی
اور یون ارشاد فرمایا کہ آپ عقلمند بزرگ ہین اور
آپکا بہت کچھ نام اور شہرہ ہے مین خدا کی معرفت کے
پانی کا پیاسا آپکے پاس آیا ہون تاکہ آپ مجکو
اللہ کی معرفت کا پانی پلائین وہ عقلمند حضرت
شیخ العالم کا یہ ارشاد سنکر اپنے آپے سے بے آپ
ہوگئے اور بیتابی کا عالم طاری ہوگیا بعد ایک
گھڑی کے جب ہوش آیا اپنی پگڑی اپنے گلے
مین ڈالکر حضرت شیخ العالم کے قدمون پر گر پڑے
اور عرض کی کہ قسم ہے اللہ کی مین نے اتنی مدت
تحصیل علم کی اور اللہ برتر کے بندون کو پڑھایا
لیکن اس علم کا ایک حرف بھی نہین سمجھا اور کچھ
خبر بھی اللہ کی پہچان کے علم کی نہین ہوئی
حضرت شیخ العالم نے ان عقلمند کے حال پر
شفقت فرمائی اور واپس تشریف لیگئے ۔

قدس اللہ تعالے روحہ
بر آن دانشمند رفتند و ملاقات
کردند دانشمند مشغول بسبق بود
و طالب علمان سبق میخواندند از شغل
سبق قدرے بایستاد و با
حضرت شیخ العالم بحکایت
مشغول شد حضرت شیخ العالم
از علم معرفت ذات صمدیت
حق تعالے طلب کردند و فرمودند
کہ شما دانشمند بزرگ اید و نام
بانگ شما بس بسیارست از عطش
این طلب بر شما آمدہ ام کہ از علم
مذکور خبر کنید دانشمند از سخن شور
انگیز حضرت شیخ العالم از خود بیخود شدہ
بیتاب گشت و بعد دیرے کہ بہوش
آمد دستار در گلو کردہ در پاے حضرت
شیخ العالم افتاد و گفت واللہ کہ چندین عمر
علم تحصیل کردم و بندگان خداے تعالی را
سبق گفتم اما ازین علم ہیچ فہم نکردم و ہیچ
خبر نیافتم حضرت شیخ العالم بران دانشمند
شفقت فرمودند و بازگشتند

نقل ہے کہ حضرت شیخ العالمؒ مقام پنڈوہ مین ایک
کوتوال کے یہان رہا کرتے تھے اور کوتوال کی
مان حضرت شیخ العالمؒ کی بہت خدمت کیا کرتین اور
بہت عقیدت اور محبت رکھتی تھین۔ اور ایک دیوانہ
بھی حضرت شیخ العالمؒ کے برابر ہی رہا کرتے تھے
الغرض اتفاق سے ایک روز بادشاہ وقت فقیرون
کا بھیس بدلکر شکستہ حال لوگون کی مانند گشت کرنے
نکلا اور اتفاقاً وہان گیا جہان ایک گروہ فقیرون
کا اُترا ہوا تھا اور ایک گوشہ مین بیٹھ رہا فقیرون نے
جب کھانا پکا کر طیار کیا تو کھاتے وقت بادشاہ سے
کہا کہ اے فقیر دور ہو تو ہمارے کھانے مین نظر
لگا رہا ہے بادشاہ نے شکستہ حالون اور غریبون
کی طرح جواب دیا مین ایک غریب ہون تم سب
صاحبون کا کیا بگاڑ رہا ہون تم کھانا نوش کرو لیکن
فقیرون نے بادشاہ کے نرم جوابی کا کچھ لحاظ نکیا
اور برابر وہی کہتے رہے جو پہلے کہا تھا یہانتک
کہ بادشاہ کو اپنے پاس سے ہٹا کر رہے الحاصل
بادشاہ وہان سے اٹھکر اُس مقام مین پہونچے
جہان ایک گروہ ہندو فقیرون کا اُترا ہوا تھا
اتفاق سے وہ سب جوگی فقیر اسی وقت کھانا لائے
اور سب کے حصے کھانے مین برابر لگائے چنانچہ

نقل است کہ حضرت شیخ العالم قدس اللہ
روحہ در پنڈوہ در خانۂ کوتوال میماندند
و مادر کوتوال خدمت حضرت شیخ العالم
قدس اللہ روحہ بسیار میکرد و اعتقاد و
محبت تام میداشت و با حضرت
شیخ العالم قدس اللہ روحہ یک دیوانۂ
دیگر برابر بود سے الغرض شبے سلطان
سکہ غریبان پوشیدہ طرق[1] شکستگان
بیرون آمدند و جماعت قلندران
فرود آمدہ بود آنجا رفت و در گوشہ بنشست
و قلندران طعام پزیدند وقت خوردن
سلطان را گفتند کہ اے فقیر دور شو و طعام
ما نظر میکنی سلطان طریق شکستگان و غریبان
شکستگی و غریبی مینمود و میگفت کہ من
غریبم از آن شما چہ میکنم شما
بخورید ایشان باز نماندند مادام
کہ سلطان را دور نکردند سلطان از انجا
روان شد جائے رفت کہ جوگیان
فرود آمدہ بودند ایشان طعام آوردند
و میان خود با قسمت برابر نہادند

[1] قولہ طرق یعنی الطریق ۱۲

بادشاہ کا حصہ بھی سب کے برابر لگایا اور سلطان کے
سامنے لاکر رکھا سلطان نے کہا میں ایک اجنبی
غریب ہوں میرا حصہ سب کے برابر کیونکر ہو سکتا ہے
جوگیوں نے کہا لے بابو ہم لوگوں کا معمول ہی یوں ہے
کہ اگر کھانے کے وقت ایک کتا آجائے اس کا حصہ
بھی سب کے برابر اسکو دے کر کھاتے ہیں نہ کہ آپ تو
انسان ہیں پھر آپکو کیونکر نہ دیں القصہ سلطان جب
گشت سے واپس آئے اور دن ہوا تو یہ حکم جاری
کیا کہ قلندر اور درویش ہمارے شہر میں نہ رہیں یہ حکم
جاری ہوتے ہی قلندروں کو تلاش کر کر کے کشتیوں کے
ذریعہ سے دریا پار اتارنا شروع کر دیا سارے شہر میں
شہرہ ہو گیا کہ بادشاہ قلندروں اور درویشوں کو اپنے
شہر سے نکلوا رہا ہے حضرت شیخ العالمؒ نے ان دیوانہ
مجذوب سے فرمایا کہ آؤ ہم تم سلطان کے در دولت
پر چلیں اور دیکھیں کہ بادشاہ قلندروں اور درویشوں
کو کیوں شہر سے نکلوا رہا ہے کوتوال اور کوتوال کے آدمیوں نے
روکا کہا اے مخدوم آپ نہ جائیں کیونکہ ایک ایک فقیر کو
ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر لاتے ہیں اور شہر سے نکال دیتے ہیں
لیکن حضرت شیخ العالمؒ نے انکا کہنا مطلق نہ سنا بے تامل
ان دیوانہ مجذوب کو اپنے ساتھ لیکر سلطان کے
در دولت پر جا بیٹھے اور اپنے سر مبارک پر خاک ڈال لی

یک بخش از سلطان هم کردند بسلطان
دادند سلطان گفت که ما از شما بیگانه ام
مرا یک بخش برابر چگونه باشد جوگیان گفتند
که لے بابو ما را رسم است اگر سگ باشد
ما سگ را هم قسمت برابر دهیم خاصه تو که آدمی
هستی ترا چرا ندهیم سلطان چون باز آمد
و روز شد فرمان شد که قلندران و درویشان
در شهر ما نباشند و قلندران را می آوردند
و بر کشتی سوار کرده آن روے لب آب
میکروند شور در شهر افتاد که سلطان
قلندران و درویشان را از شهر
دور میکند حضرت شیخ العالمؒ فرمودند
اے دیوانہ بیا تا بر در سلطان برویم و
ببینیم که سلطان چون قلندران و درویشان
را از شهر دور میکند ما در کوتوال و کوتوال
منع کردند که اے مخدومؒ مروید که درویشان
را یک یک شخص کنا بنده مے آرند و از
شهر بیرون میکنند حضرت شیخ العالمؒ
گفتهٔ ایشان را در گوش نکردند
آن دیوانہ را برابر خود بر در سلطان
بردند و نشستند و خاک بر سر

ڈال لی اور دیر تک اسی انتظار مین بیٹھے رہے
کہ دیکھیں ہمارے ساتھ لوگ کیونکر پیش آتے ہین جب
زیادہ دیر ہوگئی اور حضرت شیخ العالمؒ سے کسی نے مزاحمت
نہ کی کہ کون ہین اور کیا کر رہے ہین اسوقت حضرت
شیخ العالم نے دیوانہ مجذوب سے فرمایا کہ اے دیوانہ
بادشاہ شہدون اور مخبرون کو شہر سے نکلوا رہا ہے
نہ کہ درولشیون کو اور یہ فرما کر اپنے قیامگاہ مین واپس
تشریف لائے۔

نقل ہے کہ حضرت شیخ العالمؒ ایک روز شہر پنڈوہ مین
دریا کنارہ کھڑے تھے اور اسی اثنا مین یہ ارادہ ہوا کہ
شیخون سے شیخ دین اور حق کے نور قدس سرہ سے
ملاقات کرین اور اس ارادہ کے ساتھ ہی دل مین
مخاطرہ فرمایا کہ درویش کی ملاقات کو خالی ہاتھ نجائین
کہ اسی بین ایک قسم کی گھاس نہایت سبز و شاداب
اور دراز دریا کنارے نظر آئی ا ۔ پنچے جی مین کہا کہ
لاؤ یہی گھاس بطور ہدیہ کے ساتھ لیکر ملاقات کو جائین
اور اپنے مقصد کے طالب رہین الغرض وہ گھاس لیکر
حق اور دین کے نور حضرت شیخ نور الدینؒ کی خدمت
مین بہونچے شیخ نور الدینؒ اپنے فیض کا دستر خوان
بچھائے یارون کے ایک گروہ مین رونق افروز تھے
حضرت شیخ العالم (پاک کی اللہ نے انکی روح) نے

اند اختہ مدتے در نیکال انتظار احوال
بودند چون ہیچ کس حضرت شیخ العالم
قدس اللہ سرہ را نپرسید کہ این کیست
وچہ میکند حضرت شیخ العالم قدس اللہ سرہ
فرمودند اے دیوانہ سلطان لوندان ومخبران را
از شہر دور میکند درولیشان را
این سخن گفتند وبقرارگاہ خود باز
آمدند۔

نقل است کہ حضرت شیخ العالم قدس اللہ
روحہ روزے در کنارۂ لب آب در شہر
پنڈوہ ایستادہ بودند خواستند کہ ملاقات
شیخ المشایخ نور الحق والدین قدس اللہ
روحہ بکنند در خاطر آوردند کہ بملاقات درویش
خالی نروند گیاہے بدرجۂ غایت سبز و تر و
دراز بر کرانہ آب دیدند با خود گفتند کہ ہمین
گیاہ در ہدیہ ببریم و ملاقات کنیم واز مطلوب
مقصود بجوئیم آن گیاہ را برگرفتند و بحضرت شیخ
نور الحق والدین بردند شیخ[1] (رح) بر بادہ
فائدہ خود با جمعے یاران نشستہ
بودند حضرت شیخ العالم قدس اللہ روحہ

سلہ[1] قولہ شیخ یعنی شیخ نور الدین رح ۱۲

شیخ نور الحق والدینؒ زانوے مبارک پر دہ گھاس رکھکر
یون خطاب فرمایا کہ بابا صفا ہے حق اور دین کے
نور حضرت شیخ نورالدینؒ نے جواب مین فرمایا کہ بابا
عزت ہے بعد اس گفتگو کے دونون اللہ کی ولیون
نے آپس مین ایک دوسرے کا دیدار ایک گھڑی بھر تک
کیا اور کوئی کلام باہم نہین ہو بعد ایک گھڑی کے
حضرت شیخ العالمؒ واپس تشریف لیگئے اور حالت
حضرت شیخ العالمؒ کی یہ تھی کہ حقیقت کے صاف پانی
کی انتہا مرتبہ کی پیاس کے سبب اپنے ہاتھ پکڑ ملنیوالی
پیر شیخون کے شیخ حق اور دین کے جلال حضرت شیخ
جلال الدینؒ کی بدولت اگرچہ وحدت کے حوض سے
حقیقت کا صاف پانی برابر نوش فرماتے تھے لیکن
پیاس نہ بجھتی تھی اور سیراب نہوتے تھے اور ہمیشہ
(ترجمہ - ہان اور زائد) کا دم مارتے تھے اور
ہرچند کہ بلند مقامون مین ترقی کرتے تھے اور سب سے
زیادہ آگے بڑھے ہوئے رہتے تھے لیکن اپنے فائدہ
کے میدان مین جسکے حاصل کرنے مین سرگرم تھے کمال شوق
طلب سے یہ امتیاز نہوتا کہ فلان درجے فائدہ کی
منزل تک پہونچے لہذا فرماتے کہ اے احمدؒ پچاس
برس گذر گئے کہ تو عالم کے گرد پھرتا ہے اور ذات
حقیقی کی تلاش کر رہا ہے لیکن دل کے مقصد تک نہیں پہونچا

آن گیاہ را بر زانوے حضرت شیخ نور الحق
رہ نہادہ فرمودند کہ بابا صفاست شیخ
نور الحق والدینؒ فرمودند بابا عزتست ہردو
اولیاء با یکدیگر ساعتے مشاہدہ کردند و ہیچ
تکلمے نفرمودند حضرت شیخ العالم قدس اللہ روحہ
بعد از ساعتے بازگشتند و آنشیخ از کمال عطش
باطن اگرچہ بحوض وحدت از دولت
پیر دستگیر خویش شیخ المشائخ شیخ
جلال الحق والدینؒ نوش میکردند فاما
سیراب نمیشدند و ہر دم دم ہل من مزید
برمے آوردند و ہرچند کہ عروج بمقامات
کبرے میکردند و عبور از ہمسرے یافتند
اما بر مائدہ فائدہ خود کہ طلب آن میکردند
وقوف نمے یافتند دم شور انگیز بر می آوردند
و میگفتند اے احمد درج پنجاہ سال شد کہ
در گرد عالم میگردی و طلب ذات حقیقی
میکنی بمقصد دلی نرسیدے

سلہ قولہ از کمال الخ لفظی ترجمہ یہ ہو ا اور دلکی
کمال تشنگی کے باعث اگرچہ وحدت کے حوض سے
اپنے ہاتھ پکڑنے والے پیر شیخون کے شیخ شیخ جلال الحق
والدین کی بدولت نوش کرتے تھے ۱۲

اور سارے عالم مین کسیکو ایسا نہ پایا جو تجکو مقصد کی
خبر دیتا اے احمدؒ تو نے پچاس برس بیکار ہی گنوا دیئے
اور نہ اپنا مقصد ہی پایا نہ اپنی ذات ہی کو آرام دیا اب
تو اپنے اصل وطن مین چل اور دنیا کی لذتون اور
نعمتون سے اپنی ذات کو آسایش دے اور یہ شعر
فرماتے تھے دنیا کی باریکی سے ایک بات بھی
سمجھ مین نہ آئی ٭ نہ دین[1] نہ دنیا ہم ویسے ہی رہے ٭
الغرض شہر پنڈوہ سے اپنے وطن روانہ ہوئے
اثناے راہ مین مقام بہار سکے رونق افروز ہوئے بہار مین
[2]دو مجذوب تھے ایک کا لقب سلطان علاء الدینؒ
تھا جو ننگے رہا کرتے دوسرے نیم لنگوٹے کرکے
مشہور تھے یہ آگے وار ایک لنگوٹی رکھتے تھے اور
پیچھے کچھ بھی نہین اتفاقاً سلطان علاء الدین دیوانہ
ایک لکڑی ہاتھ مین لیے نمودار ہوے اور حضرت
شیخ العالمؒ کا سر راہ روک کھڑے ہو گئے بلکہ حضرت
شیخ العالمؒ سے لپٹ گئے اور فرمایا کہ بابا احمد جوانمردون
نے دیگ پکائی کھانے کے وقت کیون چھوڑ گئے
اور یہی جملہ تین بار دہرا کر اپنی راہ لی اُسکے بعد نیم لنگوٹے
نمودار ہوے اور اسی طرح راہ روک کر کھڑے
ہو رہے اور حضرت شیخ العالمؒ کو گلے لگا لیا اور یہی کہا
کہ اے احمد جوانمردون نے دیگ پکائی کھانیکے وقت

و در عالم کسے را نیافتی کہ خبر بمقصود کند اے
احمد (رح) عمر پنجاہ سال ضائع کردی نہ
مقصود یافتی و نہ پرورشش خود داشتی
اکنون در موطن اصلی خود بخرام و بتنعیم
ولذات دنیاوی بیارام و این بیت
از سر حال فرمودند۔ بیت

از نکتۂ مقصود نشد فہم حدیثے
لا دین ولا دنیا[1] بیکار بماندیم

الغرض از شہر پنڈوہ باز گشتند سوے وطن خود مے
آمدند و در شہر بہار رسیدند و درآنجا
دو دیوانگان بودند یکے را سلطان
علاء الدین میگفتند او برہنہ میماند دوم
را نیم لنگوٹے میگفتند او لنگوٹہ پیش داشتی
و پس نہ افراشتے ناگاہ سلطان
علاء الدین دیوانہ چوبے در دست
گرفتہ پیدا شد و راہ حضرت
شیخ العالم رحؒ بگرفت و شیخ العالم
را در کنار خود کشید و فرمود
بابا احمد مردان دیگ پزیدند وقت خوردن

[1] قولہ لا دین الخ یعنے نہ تو دین ملا نہ دنیا ہی کا عیش کیا ۱۲

کس سے لیے چھوڑ گئے اور تین بار یہی جملہ فرما کر اپنی راہ
لی حضرت شیخ العالمؒ نے اپنے دل میں کہا کہ اے احمدؒ بے نیاز
کی درگاہ کے دیوانے خبر اور گواہی دیتے ہیں شاید تو
اپنے مقصد تک پہونچے اور اپنے فائدہ کی نعمت سے
آگاہ ہو جائے اس خاطر سے آپ کے حال کی افسردگی
اور مردی گرمی سے بدل گئی اور طلب کا شوق بڑھ گیا
وہاں سے روانہ ہو کر شہر او دھ میں رونق افروز
ہوئے اور دل میں کہا کہ اے احمد زندہ لوگوں سے
تجکو مقصد کی خبر ملتی ہے شاید کہ مُردوں سے بھی مل جائے
آؤ اب مُردوں سے دریافت کریں یہ اندیشہ کر کے
حضرت شیخ العالمؒ کئی برس تک گورستان میں غریبوں کے
اور بزرگوں کے مقبروں پر شہر اور جنگل میں پیاسے
کی مانند درد سے بھرے ہوئے اور ہمیں یکسان حالت
کے ساتھ دن رات پھرتے اور یہ فرماتے رہے کہ اے
راہ دکھانے والے اے راہ دکھانے والے جب
ایک مدت گذر چکی تو حضرت شیخ العالمؒ نے جی میں کہا کہ
اے احمدؒ اب مرجا اور مُردوں کی مانند جیتے جی قبر میں
داخل ہو کر دفن ہو رہ یہ اندیشہ کر کے حضرت شیخ العالم
نے ایک قبر کھود کر اس میں گھس رہے اور مُردوں کی
مانند اپنے آپ کو دفن کرا دیا اور دنیا کے لوگوں سے
جدا اور ما سوا اللہ میں مشغول ہوئے اور چھ مہینہ کامل

چراگند استند سہ کرت این لفظ بر زبان
خود راندو برفت بعدہ نیم لنگوٹے ہم پیدا شد
و ہمچنین راہ گرفت و حضرت شیخ العالمؒ را در کنار
خود کشید و فرمود با احمد مردان دیگ پزید نقد وقت
خود دن چراگند استند این نیز سہ کرت ہمچنین فرمود
و رفت حضرت شیخ العالمؒ با خود گفتند کہ اے احمد
دیوانگان حضرت صمدیت خبر میگویند و گواہی
میدہند مگر کہ بمقصد و مقصود خود برسی و بہ مائدہ
فائدہ خود وقوف یابی از افسردگی گرمی حال نشاند
و در طلب بیفزود و از آنجا در شہر اودھ رسیدند
خاطر گفتند کہ اے احمد از زندگان خبر مقصود نمی یابی
مگر کہ از مردگان ہم بیابی اکنون از مردگان بطلب
حضرت شیخ العالمؒ چند سال در مقابر اکابران در
گورستان غریبان در شہر و در بیابان تشنہ دار ہمہ درد
و بیقرار دائم الحال روز و شب میگشتند میگفتند یا ادلا
یا ہادی چون بسے مدید بر آمد حضرت شیخ العالم قدس اللہ سرہ
با خود گفتند احمدؒ اکنون بمیر و چون مردگان ہم در زندگی
در قبر در آئے و دفن شو بعدہ حضرت شیخ العالمؒ بدست
خود قبرے کاویدند و در آن قبر خسپیدند و چون مردگان
دفن بکنانیدند و از دنیا و اہل دنیا جدا شدند
و مشغول بحق گشتند تا مدت شش ماہ

آپ اس قبر مین رہے وہ حالت یہ تھی کہ جو حال باطن کے
عالموں سے طاری ہوتا اس حال سے خوش اور مسرور
ہوتے اور سرمہ (نہ پھیری نظر اور نہ بہکے) کا آپ کی
آنکھوں مین لگا ہوا تھا اور فرمایا کرتے کہ اے احمد یہ
حالت لائق پرستش کے نہین ہوشیار رہ اور اس
حالت سے گذر کر آگے بڑھ یہانتک کہ ایسے حال کے
عالم اور ایسے دریا پر پہونچے جو کیفیت اور کمیت سے
پاک تھا اور کنارہ پر پہونچکر آواز سنی جہان تو یہ کہ خدا
نہین کوئی معبود مگر مین) کی بے واسطہ حرف اور آواز کے
بے واسطہ منہ اور زبان کے سنی اور جھک گئی اسلیے کہ
(جب جلوہ گر ہوا اللہ کسی شے مین جھک گیا اس شے
کے واسطے) اور اپنے آپ سے سب آپ قبر سے نکلے
اور محو ہو جانے اور ہمراہی کے سرور اور نشہ سے
مست ہو گئے اور معشوق سے مل جانے کے
مرتبون مین کمال کے درجہ تک پہونچ گئے اور
مخلوق کو اللہ کی طرف بلانے اور مشیخت کی طرف
متوجہ ہوئے۔

نقل ہے کہ حضرت شیخ العالمؒ نے شہر اودھ مین ایک
کتیا پالی تھی جب اس کتیا نے بچے جنے حضرت شیخ العالمؒ
نے ان کے پیدا ہونے کی خوشی کا کھانا کیا اور شہر کے
تمام بزرگون کو اور فیروز خان کو بھی مدعو کیا جو شہر کا مقطع تھا

حضرت شیخ العالم در آن قبر بودند بہ ہر حالے از
عالم باطن میگذشتند التفات نمیکردند و سرمہ مازاغ
البصر وما طغے در چشم داشتند و میفرمودند
اے احمد این عالم لائق پرستیدن نباشد ہشیار
دار و ازین عالم بگذر و بگذار تا با عالمی و دریا
رسیدند کہ از کیفیت و کمیت پاک بود و آواز فاطر
انہ لا الہ الا انا بے حرف و بے صوت از بیکام و از
بیزبان شنیدند و خاضع شدند کہ اذا تجلی
اللہ لشئ خضع لہ و از خود بیخود از ان قبر بیرون
آمدند و در سکر محویت و سرور معیت
افتادند و در معارج وصول بکمال
رسیدند و با خلق بدعوت و مشیخت مشغول
شدند۔

نقل است کہ حضرت شیخ العالم قدس اللہ
روحہ در شہر اودھ مادہ سگ پروردہ بودند
بعد آن مادہ سگ بچہ آورد حضرت
شیخ العالم قدس اللہ روحہ طعام
میزبانی ولادت آن مادہ سگ کردند
و ہمہ اکابران شہر را طلب
فرمودند و فیروز خان مقطع شہر بود
او را نیز طلب فرمودند

چنانچہ اکثر بزرگ اور عام مخلوق آئے اور کھانا
کھایا بعد چند روز کے شیخ جمال الدین گوجری رحمۃ اللہ اور
حضرت شیخ العالم سے باہم ملاقات ہوئی شیخ
جمال الدین گوجری نے کہا کہ اے مخدوم آپ نے کھانا
کیا اور کتنی ہی مخلوق کو بلایا لیکن مجھ کو نہ بلایا حضرت
شیخ العالم نے فرمایا کہ کتے کی مہمانی تھی میں نے کتوں
ہی کو بلایا اے جمال الدین تم جملہ آدمیوں کے بہترین
کیونکر کتوں کی مہمانی میں بلاتا یہ نقل ادھر کے
بزرگوں میں مشہور ہے۔

نقل ہے کہ حضرت شیخ العالم ایک روز شیخ فتح اللہ
ودھی کے سامنے سایہ چتر (کہ ہندی میں پودری کہتے
ہیں) (جو بچوں کا کھیل ہے) کھیلے شیخ فتح اللہ سایہ
چتر کو دیکھ کر حیران رہ گئے اور کچھ کہہ نہ سکے اور ایک
روایت یوں ہے کہ سایہ چتر کا کھیل کسی دوسرے
کو کھیلتے دیکھ کر حضرت فتح اللہ نے کہا کہ یہ ایک
کاریگر ہے جس نے اپنے کام کو کمال کی حد تک پہنچا دیا ہے
شاید اس جملہ سے مراد یہ ہو کہ شیخ فتح اللہ اس وقت
کے زاہد تھے اور زہد خدا کے عاشقوں کے نزدیک
لڑکوں کا کھیل ہے چنانچہ ارشاد علیہ السلام (ان پر
سلام) کا کہ تم پر لازم ہے دین بوڑھیوں کا، کی
طرف اشارہ ہے ناچار حضرت شیخ العالم نے اس طرف

اکثر بزرگان و عامۂ خلق حاضر شدند و طعام خرج
کردند بعد چند روز شیخ جمال الدین گوجری با حضرت
شیخ العالم قدس اللہ روحہ ملاقات شد شیخ جمال الدین
گوجری گفتند ای مخدوم شما طعام کردند و چندین خلق را طلبیدند
اما مارا نطلبیدند حضرت شیخ العالم فرمودند
میزبانی سگ بود سگان را طلبیدم ای جمال الدین
تو از جملۂ آدمیان ہستی ترا چون بمیزبانی سگ
طلب کنم این حکایت بمیان بزرگان اودھ
مشہور است۔

نقل است کہ حضرت شیخ العالم قدس اللہ سرہ
روزے پیش شیخ فتح اللہ اودھی سایہ چتر کہ
ہندی پودری گویند چون بازی بچگان گردانیدند
شیخ فتح اللہ حیران شدند و ہیچ گفتن نتوانستند
دیگر روایتیست کہ این مرقوم برا سہ دیگرے
میکردند و حضرت شیخ العالم شیخ فتح اللہ را
این سخن فرمودند کہ این کارگریست کہ کار خود بنہایت
رسانیدہ است شاید کہ مراد این باشد کہ شیخ
فتح اللہ زاہد وقت بودند و زہد نزدیک
عاشقان و طالبان حق چون بازی طفلانست
چنانچہ قول علیہ السلام علیکم بدین العجائز اشارت
بدین دارد لاجرم حضرت شیخ العالم بدین

اشارہ فرمایا تاکہ شیخ فتح اللہ کو کچھ شعور حاصل ہو اور کچھ بھید اللہ کے عشق کا کھل جائے کہ بزرگوں (رحمہم اللہ تعالیٰ) نے فرمایا ہے مشغول ہونا شریعت کے علموں میں اور قرآن کا پڑھنا نیک کام ہیں لیکن طالب کی اور ہی کچھ شان ہے) اور اللہ ہی خوب جانتا ہے کہ اسکی مراد کیا ہو اور یہ نقل بھی اودھ میں مشہور ہے۔

نقل ہے کہ حضرت شیخ العالمؒ شیخ زین الدین اودھیؒ کے پاس تشریف لیگئے اور شیخ زین الدینؒ کے دروازہ پہ دربان بٹھا رکھا تھا اگر آنے والا کوئی چیز لیکر آتا تو جانے دیتا اور اگر نہ لاتا تو نہ جانے دیتا دربان نے حضرت شیخ العالمؒ کو نہ جانے دیا حضرت شیخ العالمؒ واپس آئے اور اپنی گدڑی اتار کر اچھی اور سفید پوشاک پہنی اور ایک طباق ڈھیلوں اور پتھروں سے بھرا اور اسپر خوان پوش ڈالا اور ایک آدمی کے ہاتھ میں دیا اور اپنے ہمراہ لیکر پھر اُنکے دروازہ پہ گئے اس دربان نے فوراً حضرت شیخ العالمؒ کو جانے کی اجازت دی حضرت شیخ العالمؒ نے شیخ زین الدینؒ سے ملاقات کی اور باہم باتوں میں مشغول ہوئے بعد اسکے جب شیخ زین الدینؒ نے طباق کھولا اور کنکر پتھر دیکھے تو فرمایا کہ اے مخدوم یہ کیا ہے حضرت شیخ العالمؒ نے فرمایا کہ جس کے پاس یہ ہوں وہ آپکے پاس آئے

اشارت کردند تا مگر شیخ فتح اللہ را شعورے پدید آید و رموزے در عشق الٰہی بگشاید کہ گفتہ اند

الاشتغال بالعلوم الشرعیۃ وتلاوۃ القرآن امور حسنۃ ولکن شان الطالب شان آخر واللہ اعلم مراد این چہ باشد و این نیز در اودھ مشہور است۔

نقل است کہ حضرت شیخ العالم قدس اللہ روحہ بر شیخ زین الدین اودھی رفتند شیخ زین الدین را پردہ دار بر در نشستے اگر آیندہ چیزے می آوردے میگذاشتی و اگر نمی آوردی نمیگذاشتے پردہ دار حضرت شیخ العالم را نگذاشت حضرت شیخ العالم باز آمدند و ژندہ خود فرود آوردند و جامہ ہاے نیک و سفید پوشیدند و طبقے را از سنگ و کلوخ پر کردند و دستارچہ بالاے آن انداختند و بدست نفرے دادند و باز بر در رفتند پردہ دار مذکور حضرت شیخ العالم را فی الحال بگذاشت حضرت شیخ العالم با شیخ زین الدین ملاقات کردند و بایکدیگر بحکایات مشغول شدند بعدہ چون شیخ زین الدین طبق وا کرد در سنگ و کلوخ دیدند گفتند ای مخدوم این چیست حضرت شیخ العالم قدس اللہ روحہ فرمودند ہر کہ این باشد او بر تو باز آید

اور جسکے پاس یہ ہوون نہ آئے بعد اسکے حضرت
شیخ العالم نے دو ہزار تنگہ سونے کے حضرت
شیخ زین الدینؒ سے طلب فرمائے اور یون فرمایا
کہ مین قرض حسنہ چاہتا ہون اگر آپ دے دیجئے
تو مین ادا کر دونگا اور اگر نہ دیجیے گا تو آپ سے لیلینگے
شیخ زین الدینؒ نے کہا کہ ہم درویش ہین ہمارے
پاس مال کہان الغرض حضرت شیخ العالم ہرچند تکرار
فرماتے تھے کہ دے دو اور نہین تو لے لینگے لیکن
شیخ زین الدینؒ نے مال نہین دیا اور حالانکہ شیخ
زین الدینؒ کے پاس کامگاری کا مال جمع ہوگیا
تھا اور وہ آپ حضور تھے اور بھتیجے
شاہزادون کے مانند رہا کرتے تھے چند روز
اس ماجرا پر نہ گذرنے پائے تھے کہ شیخ
زین الدینؒ رح بیمار پڑے اور اسی
بیماری مین بعالم آخرت ہو کر اللہ کی رحمت
سے جا ملے۔ شیخ زین الدین کے انتقال کے بعد
قاضی رضی اودھ کے مقطع نے شیخ زین الدینؒ کے
بھتیجون کو گرفتار کرکے سارا مال انسے چھین لیا
اور مفلس کرکے چھوڑ دیا۔

نقل ہے کہ حضرت شیخ العالمؒ سے جب کہ سلطان
ابراہیم قصبہ ابیولی مین فروکش تھا

و ہر کرا این نباشد او بر تو باز نیاید بعده
حضرت شیخ العالم قدس اللہ روحہ
دو ہزار تنگہ زر از شیخ زین الدین طلب
فرمودند و گفتند کہ قرض حسنہ میطلبم اگر میدہی
از آن شما خواہم و الا نخواہند
گرفت شیخ زین الدینؒ گفتند کہ ما درویشانیم
بر ما مال کجا الغرض حضرت شیخ العالم ہرچند
کوشش میکردند کہ بدہند و الا خواہند گرفت
شیخ زین الدین مال ندادند و شیخ زین الدین
را مال کامگاری جمع شدہ بود و خود حضور
بودند و برادرزادگان طریق شاہزادگان
میماندند چند روز از آن نگذشتہ بود کہ شیخ
زین الدین مریض شدند و برحلت
در رحمت حق پیوستند بعد نقل شیخ
زین الدین قاضی رضی مقطع اودھ
برادرزادگان شیخ زین الدین را
گرفت و کل مال از آنہا گرفت و مفلس
گذاشت۔

نقل است کہ حضرت شیخ العالم
قدس اللہ روحہ اندر آنکہ سلطان ابراہیم
در قصبۂ ابیولی فرود آمدہ بود

ملاقات کا ارادہ کیا اور بولا فرمایا کہ اگر ابراہیم مسلمان
ہوجائے جو آج بادشاہ ہے تو ایک عالم کی مخلوق
اسلام مین داخل ہوجائے اور اسکے عشق اور محبت
کا دم بھرے کیونکہ (لوگ اپنے بادشاہون کے
دین پر ہوتے ہین) الغرض جب لشکر کے قریب
پہونچے قاضی رضی نے سنا کہ حضرت شیخ العالم قدس سرہ
لاتے ہین پیشوائی کو آئے اور اپنے برابر اپنے
ہمراہ لیگئے رات کا وقت تھا رات ہی کو سلطان
کے پاس گئے اور کہا کہ اے صاحب عالم کے ایسا
فقیر آیا ہے جو آج اپنے وقت کا قطب ہے اور
اس زمانہ کے تمام ولی اسکی حکم بجالانے کی رسی مین
بندھے ہوئے ہین سلطان ابراہیم نے کہا کہ اے
قاضی مین ملاقات کرون قاضی نے کہا کہ اے عالم کے
صاحب وہ ملاقات کے قابل نہین کیونکہ اسکی ملاقات
کے بعد بادشاہی کا انتظام ہے یا نہ ہے اس لیے
کہ بہت بڑا فقیر ہے ابتدا پہلے اسکا امتحان کرلیا جائے
سلطان نے پوچھا کہ کیا امتحان کرنا چاہیے قاضی
رضی نے جواب دیا کہ عالم کے صاحب کوئی مستقل
رقم اور کوئی مستقل تجویز انکی خانقاہ کے مصارف
کے واسطے کیجیے اگر قبول کرلین تو ملاقات کے
قابل ہین اور اگر قبول نکرین تو اسکے سامنے جانا

قصد ملاقات کردند و فرمودند کہ
اگر ابراہیم مسلمان شود کہ امروز بادشاہ
است خلق عالم در اسلام در آیند و بعشق
او دم زنند کہ الناس علی دین ملوکہم چون
قریب لشکر شدند قاضی رضی شنید کہ حضرت
شیخ العالم مے آیند استقبال کرد و برابر
خود برد وقت شب بود ہم در شب بہ پیش سلطان
رفت و گفت اے خداوند عالم درویشے
رسیدہ است کہ امروز قطب وقت
است و اولیاء وقت ہمہ در سلک عبودیت
او منسلک اند سلطان ابراہیم گفت اے
قاضی ملاقات کنم قاضی گفت اے خداوند
عالم شایان ملاقات نیست کہ بعد[1] ملاقات
او انتظام بادشاہی ماند یا بماند کہ درویشی
است نخست امتحان کنند سلطان گفت
چہ باید کرد قاضی رضی گفت کہ خداوند
عالم فتوحے و استقامتے برائے خرچ
خانقاہ او بکنند اگر قبول بکند پس
شایان ملاقات ست والا نہ پیش ایشان رفتن

[1] قولہ کہ بعد ملاقات الخ یہ کاف علت سے بمعنی زیرا کہ یعنی اسلیے کہ ۱۲

خوب نہیں سلطان نے کہا کہ بہتر تجویز ہے اسیوقت
منشیون کو بلوایا اور چار گانون اور ایک بیگھہ اراضی
کے فرمان اور سندین قصبۂ ردولی کے نواح مین
کھیتی کے واسطے اسی دم لکھکر مرتب کرائے اور
اپنی رحسب مین رکھکر اور کچھ نقدی لیکر اور ایک خود
پر کھانا رکھوا کر قاضی رضی سلطان ابراہیم کے
در دولت سے حضرت شیخ العالمؒ کی خدمت مین
حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ اے مخدوم آج سلطان
ابراہیم نے آپ کے لیے وہ بندوبست کیا جو کسی
کے واسطے کمتر کیا ہے اور کمتر کرتا ہے حضرت
شیخ العالمؒ نے فرمایا کہ اے قاضی رضی ہمارے حق مین
سلطان ابراہیم نے آج کیا کیا ہے قاضی رضی نے
عرض کیا کہ اے مخدوم آپ کے فرزندون کیواسطے
چار گانون مسلم اور ایک ہزار بیگہ اراضی قصبۂ ردولی
کے اطراف مین دی اور فرمان سند کا جیب سے
نکال کر مع نقد کے جو ہمراہ لائے تھے سامنے رکھ دیا
حضرت شیخ العالمؒ نے فرمایا کہ اے قاضی کلمہ پڑھو نہین
کوئی معبود مگر اللہ محمد اللہ کا بھیجا ہوا ہے کیونکہ
اسوقت تو کافر ہو گیا قاضی نے کلمہ پڑھا اور کہا کہ اے
مخدوم ہم سے کونسا کلمہ کفر کا سرزد ہوا حضرت
شیخ العالمؒ نے فرمایا کیا یہ کلمہ کفر کا نہیں ہے کہ تو دو

خوب نیست سلطان گفت نیک باشد
فی الحال نویسندگان را طلبیدند و فرمان
و حجت ہاے چہار دیہ و ہزار بیگہ زمین
در سواد قصبۂ ردولی براے زراعت
در آن ساعت مرتب گردانیدند در بغل
خود انداختہ و چیزے نقد و یک بارکش
طعام از خانۂ سلطان ابراہیم بر شیخ العالم
قدس اللہ روحہ قاضی رضی آوردند گفتند
حضرت مخدوم امروز سلطان ابراہیم
در حق شما چیزے کردہ کہ کمتر در حق کسے کردہ
است و کمتر میکند شیخ العالمؒ فرمودند اے قاضی
رضی امروز سلطان در حق ما چہ کردہ است
قاضی گفت حضرت مخدوم براے فرزندان
شما چہار دیہ ہزار بیگہ زمین در سواد قصبۂ
ردولی دادہ است و فرمان حجت از بغل
کشیدہ و آنچہ نقد بود پیش نہاد حضرت شیخ
العالمؒ فرمودند اے قاضی کلمہ بگو لا الہ الا اللہ
محمد رسول اللہ کہ درین ساعت کافر شدی
قاضی کلمہ بر زبان راند و گفت اے مخدوم
از ما چہ کلمۂ کفر واقع شدہ حضرت شیخ العالمؒ
فرمودند این کلمۂ کفر نیست کہ تو د

ابراہیمؒ دو خدا دوسرے پیدا ہو گئے جو رزق دینے
کا دعوی کرتے ہیں جو خدا ابراہیم اور ابراہیم کے
نوکروں چاکروں اور ابراہیم کے گھوڑوں اور
ابراہیم کے ہاتھیوں اور تیرے گھوڑوں اور تیری
نوکروں چاکروں کو رزق دیتا ہے میں کہ اس خانقا
ہ و درگاہ کا ایک فقیر ہوں میرے فرزندوں کو رزق
ندیگا اگر تو اور ابراہیم سلطہون قاضی نے عرض کیا
کہ ان گانوں کو لیجیے اور میری عرض اور التماس قبول
کیجیے۔ بحاصل ہر چند قاضی نے کوشش کی حضرت
شیخ العالمؒ نے اس سے انکار ہی کیا اور قبول نفرمایا
اور یوں جواب دیا کہ لڑکے فقر کی قدر نجانینگے کیونکہ
(محتاجی ایک خزانہ ہے اللہ برتر کے خزانوں سے)
اور بختیارؒ سے جو آپ کے مرید تھے اور انکی ذات
کو انکی نام کی طرح کشایش حاصل ہوئی پچھلی رات کا وقت تھا
کہ حضرت شیخ العالمؒ (پاک کی اللہ نے انکی روح) نے
نے ہندی زبان میں یوں ارشاد فرمایا کہ (ترجمہ
دوہرہ کا کنواں ہو تو پاٹوں سمندر پاٹے کیوں جاؤں
گر ہو تو سہوں جھیل کے اندر کوں رہنے جائے ا
ور ایک حالت طاری ہو گئی اور بختیارؒ کو گلے لگا لیا
اور اسی وقت روانہ ہو گئے اور کسیکو اس ماجرا کی
اطلاع نہیں ہوئی اور اب مقام فیض ہیں یعنے

ابراہیم خدایان دیگر پیدا شدہ اند کہ دعوی
رزاقی میکنند خدائے کہ ابراہیم را و حشم
ابراہیم را و اسپان ابراہیم را و فیلان
ابراہیم را رزق میدہد و اسپان ترا و حشم
ترا رزق میدہد منکہ یک فقیر درگاہ آدمیم
فرزندان مرا رزق نخواہد داد کہ تو و ابراہیم
درمیان آئید قاضی گفت این دہات را
بستانند و عرض و التماس این بندہ قبول فرمائید
ہر چند کہ قاضی کوشش نمود حضرت شیخ العالمؒ
تبرا فرمودند و اختیار نکردند و فرمودند کہ اولاد
قدر فقر نخواہند دانست کہ الفقر کنز من
کنوز اللہ تعالے و بختیارؒ مرید بود کہ ذاتش
ہمچو اسمش کشود آخر شب بود کہ حضرت
شیخ العالمؒ بزبان ہندی فرمودند

دوہرہ

کنواں ہوے تو پاٹوں سمند کہو پاٹن جائے
باڑا ہوے تو بہ جوں جھیل کہو برجن جائے

و در حالت شدند و بختیارؒ را کنار گرفتند و
ہمان ساعت روان شدند کسی را ازین حال
اطلاع نشد و بر مائدہ فائدہ

اپنے وطن مین واپس تشریف لائے۔

نقل ہے کہ ایک مرتبہ اور قصہ مذکورہ نقل بالا سے شہر جونپور مین سلطان ابراہیم شرقی کے پاس حضرت شیخ العالم تشریف لیگئے اور وہان عالمون کے صدر فاضلون کے ماہ کامل پورب اور پچھم کے استاد خدائی علم جاننے والے اپنے زمانہ کے نعمان قاضی شہاب الدین لہریا (نورانی کیا اللہ نے انکا خوابگاہ) سے ملاقات ہوئی اور بایکدگر باتون مین مشغول ہوئے حضرت شیخ العالم اللہ کی پہچان کے علم کی قبیل سے کچھ ارشاد فرماتے تھے مخدوم قاضی شہاب الدین لہریا نے عرض کی کہ اے شیخ العالم ہم ظاہر کے لوگ ہین ہمکو علم کرو کہ علم ہوتا ہے حضرت شیخ العالم نے فرمایا کہ ہان تو بیچارہ لہریا کا ہے ہو الا حکو اس حال و سہاس تا ، کی کیا خبر الغرض مخدوم قاضی شہاب الدین رح کو کامل عقیدت حاصل ہوئی اور ایسا اتفاق پیش آگیا کہ حضرت شیخ العالم اور سلطان ابراہیم مین باہم ملاقات کرا دی اور یہ حکایت لوگون نے صدر جہان سے کہی میر صدر جہان نے بھی ایسا ہی کہا کہ اے مخدوم قاضی شہاب الدین جب سلطان ابراہیم اور حضرت شیخ العالم سے بایکدگر ملاقات ہو جائے تو پھر تم کسی بیطمع دور رکھنا کہ سلطان اور ہم اور تم اور یہ انتظام بادشاہی کا جو کہ اب ہے اسی طرح اور اسی طریق پر

وسکن بالوف خود باز آمدند۔

نقل ست کہ شیخ العالم بارے دیگر ہم بدین قصد در شہر جونپور بر سلطان ابراہیم شرقی رفتند آنجا با صدر العلماء بدر الفضلاء استاد الشرق والغرب عالم ربانی نعمان ثانی مخدوم قاضی شہاب الدین لہریا نور اللہ مرقدہ ملاقات شد و بکدیگر بحکایت مشغول شدند حضرت شیخ العالم قدس اللہ سرہ از علم معرفت حق چیزے میفرمودند مخدوم قاضی شہاب الدین لہریا عرض کردند کہ اے شیخ العالم قدس اللہ روحہ ما ارباب ظاہر واز علم شما کہ علم اللہ است قاصر حضرت شیخ العالم رح فرمودند آرے تو بیچارہ لہریا باشی ترا از نیحال واز نیقال چہ خبر الغرض مخدوم قاضی شہاب الدین را اعتقاد تمام حاصل شد و اتفاق افتاد کہ حضرت شیخ العالم رح را با سلطان ابراہیم ملاقات دہانید و اینحکایت بر میر صدر جہان گفتند میر صدر جہان ہمچنین فرمودند کہ اے مخدوم قاضی شہاب الدین چون سلطان را با حضرت شیخ العالم ملاقات شود شما این طمع از دل دور دارید کہ باز سلطان و ما و شما و این انتظام بادشاہی بدین طریق وہیئت

اس گھر میں رہیگا۔ حاشا وکلا کیونکہ حضرت شیخ العالمؒ ایک
بڑے فقیر ہیں صاحب حال اور کمال والوں سے
جنکی نظر قطعی اکسیر ہے جو ایک تانبے کو سونے سے
ایک دم میں بدل دیتی اور جہان کی تدبیروں سے
یکسو کرتی ہے مخدوم قاضی شہاب الدینؒ نے کہا کہ سچ
سچ ہے اور ایک روز حضرت شیخ العالمؒ شہر جونپور میں
کسی دروازہ کے میدان میں سیر کر رہے تھے بعض
لوگوں نے عرض کی کہ یہ مکان مخلص خان کا ہے
اور خان حضرت شیخ العالمؒ کا ارادتمند تھا لوگوں نے اسکو
خبر دی کہ حضرت شیخ العالمؒ تشریف لائے ہیں اسکو وضو
کرنے میں بہت وسوسہ ہوا کرتا تھا اس وجہ سے اسکے
حاضر ہونے میں کچھ دیر ہو گئی جلد حاضر نہ ہو سکا حضرت
شیخ العالمؒ روانہ ہو گئے اثناے راہ میں کیا دیکھتے ہیں
کہ ملک خالص نے نوکروں چاکروں سمیت دبدبہ اور
تجمل کے ساتھ سوار سلطان کے در دولت کی جانب
گھوڑا کودتا ہوا اور باگ ہاتھ میں چلا جا رہا ہے بعض لوگوں
نے عرض کی کہ ملک خالص جا رہا ہے حضرت شیخ العالمؒ کی نظر
دوسری اسپر پڑی اور فرمایا کہ مخلص کا حال یہ اور خالص کا
حال یہ تو پھر دوسروں کا حال کیا ہو گا پھر فرمایا کہ بیچارے دنیا
کی شراب کے نشہ میں ایسے مست اور حیرت زدہ ہیں کہ اپنی آپکی
سدھ آپ ہو رہے ہیں اور دوسروں کی خبر بھی نہیں رکھتے

بماند درین بیت حاشا وکلا حضرت شیخ العالم
قدس الله روحه درویشی است صاحب حال
واز اہل کمال کہ نظر او اکسیر مطلقست کہ حال نحاسی
بحال ذہبی در حال بدل گرداند واز تدبیر جہان
برآرد مخدوم قاضی شہاب الدین فرمودند کہ راست
وروزے حضرت شیخ العالم قدس الله روحه در شہر
جونپور در میدان دروازۂ گشتند بعضے
عرض کردند کہ این خانۂ مخلص خانست و او معتقد
حضرت شیخ العالم قدس الله روحه بود او را خبر
کردند کہ شیخ العالم قدس الله روحه رسیدند او را
وسواس در وضو بسیار بود ساعتے درنگ شد رسیدن
نتوانست حضرت شیخ العالم روان شدند چه بینند کہ
ملک خالص با کبکبه و دبدبه بجانب حضرت سلطان سوار
شده بود اسپ در جولان انداخته و عنان او
بر دست آورده میرفت بعضے کسان عرض کردند
ملک خالص میرود نظر حضرت شیخ العالم بر او
افتاد حضرت شیخ العالم فرمودند حال مخلص آن
حال خالص این تا حال او دیگران چه خواهد بود و باز
فرمودند بیچارگان در مستی شراب دنیا
چنان مدہوش اند کہ از خود بیخود اند
واز دیگران خبر ندارند

بعد اسکے یون فرمایا کہ اے احمد خدا کا ملک ہے (ہرایک
میسر اسی کے لیے ہے جسکے لیے پیدا کیا گیا) اللہ کی تقدیر میں دخل
نہ دینا چاہیے جسکو بلاتا ہے وہی بلاتا ہے جسے ہنکاتا ہے
وہی ہنکاتا ہے (نہ پائیگا تو اللہ کے قاعدہ میں بدلنا) اپنے
محل اور اپنے فیض کے مقام میں اور اپنے پیارے وطن میں
قیام کر بعد اس اندیشہ کے حضرت شیخ العالم (پاک کی
اللہ نے انکی روح) نے وہ میوہ جو بیل پر لاد لیا تھا
اسیوقت فقیرون کو دے دیا اور شاہون کی صحبت
کے لائق لباس جو پہن لگے تھے اُتار کر اپنی گدڑی
پہن لی اور سواری کی گھوڑے میان خضر معروف
خدا کو توال شہر قنوج کو لاکہڑے دی اور خدا اس
زمانہ میں محتاج اور پاپیادہ تھے اور بعد اسکے
اللہ برتر کے کرم سے عمر بھر کبھی پاپیادہ نہیں ہے
اور بادشاہون کے مانند عیش اور فراغت
حاصل رہی الغرض حضرت شیخ العالم رح تکبیر
فرماتے ہوئے اپنے فیض کے مقام میں واپس
تشریف لائے۔

نقل ہے کہ ایک روز مقام ردولی کا مقطع محمد خان
حضرت شیخ العالم رح کی ملاقات کو آیا حضرت شیخ العالم رح
کے داماد نے شیخ برہان کے کان میں جو حضرت
شیخ العالم رح کے مریدون میں تھے کہا۔ حضرت

بعدہ فرمودند اے احمد ملک خدا ایست کل
میسر لما خلق لہ در تقدیر اللہ نباید افتاد
ہر کرا خواند او خواند و ہر کرا راند او راند لا تجد
لسنۃ اللہ تبدیلا باز گردد بر مائدہ فائدہ
خود بیا و در مسکن مالوف خود قرار نما حضرت
شیخ العالم قدس اللہ روحہ چیزے میوہ بر ستور
بار کردہ بودند و جامہ لایق صحبت بادشاہان
پوشیدہ رفتہ بودند فی الحال میوہ را بفقیران
دادند و جامہ فرود آوردند و ژندۂ خود را
در بر کردند و دیان سواری برائے میان
خضر معروف بجدا کوتوال شہر قنوج آوردند
و دادند و او در آن وقت فقیر بود و پیادہ و بعد
ازان بکرم اللہ تعالے در عمر خود گاہے
پیادہ نشد و فراغتے و عیشے چون ملوکان
داشت الغرض تکبیر فرمودند و بر مائدہ
فائدہ خود باز آمدند۔

نقل است کہ روزی محمد خان مقطع مقام ردولی
برای ملاقات حضرت شیخ العالم قدس اللہ روحہ آمد
داماد حضرت شیخ العالم قدس اللہ روحہ در گوش شیخ برہان
کہ مریدے از مریدان حضرت شیخ العالم رح بود گفتند کہ حضرت

مخدومؒ سے عرض کردو کہ محمد خان آیا ہے مجھکو
تھوڑی زمین دے تاکہ کھیتی کرکے اوقات بسر کروں
شیخ برہانؒ نے حضرت شیخ العالمؒ کی خدمت مین
آہستہ عرض کیا۔ حضرت شیخ العالمؒ نے فرمایا کہ
محمد خان یہ مردک کہتا ہے مخدوم سے کہدو مجھکو
آیا ہے مجھکو کچھ زمین دے تاکہ کھیتی کر کھاؤں
الغرض جب محمد خان واپس گیا تو حضرت
شیخ العالمؒ کے داماد کو جسکا نام جہان شاہ تھا
اپنے ہمراہ لیگیا اور اپنے عہدہ دارون کو
بلاکر سات سو بیگہ زمین کا پروانہ اپنے موضع
کلوہ مین لکھواکر جہان شاہ کو دے دیا اور
عہدہ دارون کو حکم دیا کہ تم لوگ آج ہی جاؤ
اور اسقدر زمین پیمائش اور حد بست کرکے
اور کھیت بناکر اور آباد کرکے دیدو جہان شاہؒ
نہایت خوشی کے ساتھ حضرت شیخ العالمؒ کی
خدمت مین واپس آئے اور عرض کیا کہ آج
محمد خان نے ہم پر بہت کچھ مہربانی کی حضرت
شیخ العالمؒ نے یہ سب ماجرا سنکر پوچھا کہ کوئی نوشتہ
بھی دیا یا نہین جہان شاہؒ نے عرض کیا کہ ہان دیا
حضرت شیخ العالمؒ نے وہ نوشتہ اُن سے مانگ لیا اور
بہرامؒ نام ایک مرید جو سامنے کھڑے تھے انکو حکم فرمایا

بر مخدومؒ بگویند کہ محمد خان آمدہ ست مرا
چیزے زمین بدہند تا زراعت کردہ بخورم
شیخ برہانؒ بحضرت شیخ العالمؒ آہستہ
عرض کرد حضرت شیخ العالم فرمودند کہ سالے
محمد خان این مردک را اشارت بر داماد
بود یا این مردک اشارت شیخ برہانؒ بود)
میگوید کہ بر مخدوم بگویند کہ محمد خان آمدہ است
مرا زمین بدہد تا زراعت کردہ بخورم الغرض
چون محمد خان بازگشت داماد حضرت شیخ العالمؒ
کہ نام میان جہانشاہ بود برابر خود برد عہدہ داران
خود را طلبیدہ ہفصد بیگہ زمین در موضع کلوہ خود
پروانہ نویسانیدہ نشان کردہ داد و تسلیم عہدہ داران
کرد کہ شما امروز بروید پیمودہ و محدود کردہ و
مزروعہ بستہ و آبادان کردہ بدہند داماد حضرت
شیخ العالم خوشان بحضرت شیخ العالمؒ آمد
و این حکایت عرض کرد و گفت امروز محمد خان بر ما بسیار
مرحمت کرد حضرت شیخ العالمؒ فرمودند چیزے
نوشتہ ہم دادہ یا نہ ایشان گفتند آرے نوشتہ
داد حضرت شیخ العالم قدس اللہ روحہ
آن نوشتہ را طلبیدند و از ایشان گرفتند مریدے
بود بہرام نام پیش استادہ بود او را فرمودند

فرماتے کہ قصبہ ردولی شیخ صلاحؒ درویش کی ولایت
ہے اور ان کی قبر شریف دگہ حوض کمند وکھر
پر ہے۔ یہ فقیر جب اس مقام مین آیا تو اگرچہ
میرے پیدا ہونے کی جگہ اور میرا وطن یہی مقام
تھا لیکن اسپر بھی اس مقام مین رہنے کی اجازت
مین نے شیخ صلاح درویش سے مانگی اس آداب
سے کہ ان کے روضہ شریف مین گیا اور فاتحہ
پڑھا اور حضرت رسالت پناہ دان پر اور انکی
آل پر اللہ نے درود اور سلام بھیجا) پر درود
بھیجا بعد اسکے روضہ کے اندر بیٹھا اور یہ آرزو
کی کہ اگر مجکو ایک جانماز اور ایک لوٹا میسر جائے
تو یہان سکونت اختیار کر لون شیخ صلاح
درویش کی قبر شریف سے آواز آئی کہ ای
شیخ احمد کمند وکھر کے حوض مین اترو جانماز اور
لوٹا لے لو حضرت شیخ العالمؒ شیخ صلاحؒ درویش
کی اجازت سے حوض مذکور مین داخل ہوے
اور جیسے ہی ہاتھ ڈالا تو سب سے پیشتر
لوٹے ہی پر ہاتھ پڑا اور لوٹا حضرت مخدومؒ نے
اٹھا لیا دوبارہ ہاتھ ڈالا تو ایک جھلنگا
پورانی چار پائی کا ہاتھ آیا اور بجائے خود فرمایا
کہ جانماز یہی ہوگی اور دونون چیزین لیے ہوے

سیفرمودند قصبہ ردولی ولایت شیخ صلاح
درویش ست و قبر ایشان بالای دگہ حوض کمند وکھر
است این درویش چون درین مقام آمد
اگرچہ وطن قدیم و مولد این فقیر بود اما
اجازت سکونت از شیخ صلاح خواستم
و در روضہ شیخ صلاح رفتم و فاتحہ
خواندم و درود بہ حضرت
رسالت پناہ صلی اللہ علیہ
وعلی آلہ وسلم فرستادم و آنجا
نشستم و طلب کردم کہ اگر مرا یک مصلی
و یک سبوچہ باشد اینجا سکونت
گیرم از قبر شیخ صلاح آواز بر آمد
اے شیخ احمد در حوض کمند وکھر
در آے مصلی و سبوچہ بگیر حضرت
شیخ العالمؒ باجازت شیخ صلاح در حوض
مذکور در آمدند دست انداختند اول
دست بر سبوچہ افتاد بر گرفتند
بعدہ دوم بار دست انداختند
یک جھلنگاے چارپائی کہنہ
یافتند و فرمودند کہ مصلی ہمین
باشد و ہر دو بہ گرفتند

اپنے والد بزرگوار کے مکان میں تشریف لائے
اس زمانہ میں وہاں کوئیاں کا جنگل بکثرت تھا
قصبہ کی آبادی کچھ نہ تھی حالانکہ اس زمانہ میں
آبادی اسقدر ہو گئی ہے کہ حضرت شیخ العالم
کا مقام سکونت قصبۂ رودولی کا وسط ہو گیا ہے

نقل ہے کہ حضرت شیخ العالم ایک روز اپنی
خانقاہ میں بیٹھے تھے کہ پورب کی جانب دیکھکر
فرمایا قصبہ رودولی کیسا آباد ہے تا جوکے باغ تک
میں برابر آباد دیکھتا ہوں اور حالانکہ جس روز
یہ جملہ ارشاد فرمایا تھا اس روز تک حضرت
شیخ العالم کی خانقاہ کے قریب سے لیکر پورب
کی طرف آبادی نہ تھی مگر اس ارشاد کے بعد اللہ
پر ترسکے حکم سے رفتہ رفتہ آبادی شروع ہوئی
اور تاجو کے باغ تک آباد ہو گیا۔ بعد اُسکے
قصبہ رودولی سلطان حسین کے انتظامات سے
کئی بار اُجڑا اور بسایا گیا تک کہ اب ساری آبادی
اور بزرگوں کے فیض اسی حصہ میں ہیں جس کی
نسبت حضرت شیخ العالم نے یوں فرمایا تھا
کہ کیسا آباد ہے۔

نقل ہے کہ حضرت شیخ العالم کی نوعمری میں تالر
موضع کا گبر دیہا تمام قصبہ رودولی پر چڑھ آیا

و در خانۂ پدر خود آمدند و آنجا در آن
وقت جنگل کھوئی بسیار بود آبادانی قصبہ
ہیچ نبود و امروز مقام حضرت شیخ العالم
ناف قصبۂ رودولی شدہ
است۔

نقل است کہ حضرت شیخ العالم قدس
اللہ سرہ روزے در خانقاہ خود نشستہ
بودند و طرف مشرق دیدند فرمودند کہ قصبہ
رودولی چہ آبادان است تا باغ تاجو آبادان
مے بینم و آن روز قصبۂ رودولی از
قریب خانقاہ حضرت شیخ العالم رح
طرف مشرق آبادان نبود بفرمان اللہ تعالیٰ
تدریج آبادانی پدید آمد تا باغ تاجو آبادی
شد بعدہ قصبۂ رودولی در شہور عام از
نوبت سلطان حسین چندکرت خراب
شد و آبادان گشت اکنون آبادانی
تمام و روائح عظام ہمدران
طرفست کہ حضرت شیخ العالم رح فرمودہ
بودند۔

نقل است کہ در عہد حیات حضرت شیخ
العالم دیہا گبر موضع تالر بر قصبۂ رودولی سوار شدہ آمدہ بود

اور قصبہ بھر مین یہ غلغلہ بلند ہو گیا کہ گبر آ گئے
جب حضرت شیخ العالمؒ کو اطلاع ہوئی عصا
دست مبارک مین لیے ہوے قصبہ کے باہر
تشریف لیگئے اور قصبہ کی اوتر جانب جو
قاضی سلیمان کا بہت بڑا باغ تھا اس کے
اندر قدم رنجہ فرمایا اور باغ کے درختون سے
ایک درخت کے تنہ پر عصا مار کر فرمایا کہ مین نے
اللہ بر تہ کے حکم سے دوبیجا کا سر کاٹ ڈالا نقل
کرتے ہین کہ دوبیجا مذکور قہر زدہ ہو کر مقام کھرلیسہ
کی جانب راہی ہو گیا اور کھرلیسہ کے راے
سے لڑا اور شکست کھائی ساتوین روز
کھرلیسہ کے راجہ نے دوبیجا کا سر کاٹ کر قصبہ
ردولی مین بھیج دیا اور جبیر کا دھڑ شہر اودھ کو روانہ
کرا دیا بعد اس کے یہ خبر سنی گئی کہ وہ باغ بھی
کاٹ ڈالا گیا اور یون کاٹا گیا کہ اب اس باغ
کا کوئی نشان بھی باقی نہین۔
نقل ہے کہ حضرت شیخ العالمؒ کے چوپایے نئے
آے ہوے گماشتہ کے حکم سے لوگ کھول لیگئے
میران سید قطبؒ دیوانہ قصبہ ردولی مین ایک
دوست اللہ کے دوستون سے تھے ہمیشہ شراب
پیا کرتے تھے اور میان خضر جو قدا کر کے مشہور ہین

وشور در قصبہ افتاد کہ کافران آمدند حضرت
شیخ العالم قدس اللہ روحہ عصا بر دست
کردہ بیرون شہر شدند وطرف شمال قصبہ
باغ قاضی سلیمان باغے بزرگ بود دران باغ
رفتند وعصا بر تنہ درختے از درختہاے باغ مذکور
زدند وفرمودند کہ سر دوبیجا بحکم بفرمان
باری تعالی دوبیجا مسطور از قصبہ مقہور شد
وطرف کھرلیسہ رفت با راے کھرلیسہ جنگ
کرد وہزیمت خورد راے کھرلیسہ سر دوبیجا
کافر را در ہفتم روز برید و در قصبہ ردولی
فرستاد وتن آن گبر در شہر اودھ
فرستاد بعدہ شنیدہ شد کہ بعد
از چندگاہ آن باغ را نیز
بریدند بنوعے کہ ہیچ علامتے
از ان باغ نماندہ است۔
نقل است کہ چارپایے حضرت شیخ العالم
قدس اللہ روحہ بفرمان گماشتہ نوکہ آمدہ
بود کشانیدہ بردند میران سید قطبؒ دیوانہ
در قصبہ ردولی ویکے از اولیاء حق بود دائم
شراب میخورد ومیان خضر
کہ معروف بخضر است

قنوج کے کوتوال ہوگئے تھے اور اس زمانہ
مین میان خضر کی نوجوانی تھی میران سید قطبؒ
نے انکو بلایا اور فرمایا کہ سلے خدا یہ پیالہ
شراب کا لیجاؤ اور میرے بھائی شیخ احمدؒ سے
کہو کہ مین مارون میان خداؒ اسکر کانپ گئے اور
اپنے جی مین کہا کہ شیرون سے کام پڑگیا ہے
بارے اس شیر کے سامنے سے سلامتی کے
ساتھ ہٹ کر جاؤن اور پیالہ شراب کا سید قطبؒ
کے ہاتھ سے لیکر روانہ ہوگئے جب حضرت
شیخ العالمؒ کی خانقاہ شریف کے آستانہ پر پہونچے
تو کھڑے ہو رہے اور یہ جسارت نہ تھی
کہ حضرت شیخ العالمؒ کے حضور مین اس طریقہ
سے جائین اور حضرت شیخ العالمؒ اسوقت
اپنی خانقاہ شریف مین اکیلے بیٹھے تھے
حضرتؒ نے خود ہی فرمایا کہ کیا خداؐ ہین میان
خدا نے جواب مین عرض کیا کہ لبیکؐ حضرت
شیخ العالم نے فرمایا کہ جس ہیئت مین ہو اسی
ہیئت سے چلے آؤ میان خدا شراب کا
بھرا ہوا پیالہ حضرت شیخ العالمؒ کے حضور مین
حاضر ہوگئے اور عرض کیا کہ میران سید قطبؒ نے
یہ پیالہ شراب کا دیا ہے اور فرمایا ہے

کوتوال شہر قنوج شدہ بود ودر آنوقت میان خضر
آغاز جوان بود میران سید قطبؒ اورا طلبیدند
وگفتند لے خداؐ این قدح شراب ببرو
ببرادرم شیخ احمدؒ بگو کہ بزنم میان
خداؐ برخود لرزید وگفت کہ کار میان
شیران افتادہ است بارے ازپیش
این شیر سلامت بیرون آیم قدح مذکور
ازدست سید گرفت وروان شدہ
بردر خانقاہ حضرت شیخ العالم رح آمد
وبایستاد وطاقت نداشت کہ پیش حضرت
شیخ العالم قدس اللہ سرہ باین طریق
رود حضرت شیخ العالم آنوقت تنہا
در خانقاہ خود نشستہ بودند فرمودند
کہ خدا است میان خدا جواب داد
لبیکؐ شیخ العالمؒ فرمودند چنانچہ
ہستی ہمچنان بیا میان خدا قدح
پر از شراب پیش شیخ العالم رح
برد وعرض کرد کہ میران سید قطبؒ این
شراب دادہ اند وفرمودہ اند

لہ جب کوئی بزرگ یا معزز شخص عرب مین کسیکو پکارتا ہے
تو اسکے جواب مین جسکو پکارتے ہین وہ لبیک کہتا ہے ۱۲

کر جاؤ حضرت مخدوم العالم رح سے کہو کہ مین ہارون
حضرت شیخ العالم رح نے پیالہ میان خدا کے ہاتھ
سے لیکر نوش کر لیا اور فرمایا جاؤ اور کہدو کہ
حاجت نہین ہے اس ماجرا پر دو گھڑی کا زمانہ
بھی نہ گذرنے پایا تھا کہ وہ گماشتہ مرگیا اور اسکا
جنازہ باہر نکالا گیا۔

نقل ہے کہ حضرت شیخ العالم رح اپنی خانقاہ شریف
مین اپنے فیض کے دسترخوان پہ بیٹھے تھے کہ
خواجہ ہدا خطۂ اودھ کے رئیس قاضی رضی کے
بیٹے آئے انہین کسیقدر شوق کا ولولہ بھی اور
دنیا کی شراب کے نشہ کی مستی بھی تھی خواجہ ہدا نے
آتے ہی یہ عرض کرنا شروع کیا کہ اے حضرت
شیخ العالم مین سنتا ہون آپ فرماتے ہین کہ مین
خدا کے بندون کو خدا کے جمال کا جلوہ دکھاتا ہون
حضرت شیخ العالم رح نے فرمایا کہ تو دیکھیگا خواجہ
ہدا نے عرض کیا کہ ہان مین دیکھونگا لیکن خواجہ
ہدا جو کچھ کہتا گستاخانہ کہتا تھا الغرض حضرت
شیخ العالم رح نے فرمایا کہ دیکھ خواجہ ہدا نے نظر ڈالی
تو کیا دیکھتا ہے کہ حضرت شیخ العالم رح کی خانقاہ مین
ایک ستون کھڑا ہے جو آفتاب کا مقابلہ کر رہا تھا
خواجہ ہدا نے کہا اے شیخ العالم بیل کو خدا کہتے ہو

کہ برو بر حضرت مخدوم العالم رح بگو کہ ہر نم
حضرت شیخ العالم قدس اللہ روحہ
قدح از دست او بستاندند و نوشیدند
و فرمودند برو و بگو کہ حاجت نیست
یک دو ساعت نگذشتہ بود کہ گماشتہ
مذکور مرد و جنازۂ او بیرون آمد۔

نقل است کہ حضرت شیخ العالم قدس اللہ
روحہ در خانقاہ بر مائدہ فائدہ خود نشستہ
بودند خواجہ ہدا پسر قاضی رضی امیر خطہ
اودھ آمد او را قدرے ولولہ بود و مستی
شراب دنیا ہم داشت آغاز کرد کہ اے
حضرت شیخ العالم میشنوم کہ شما میگوئید کہ
خدا را بہ بندگان خدا مینمایم حضرت
شیخ العالم رح فرمودند کہ خواہی دید گفت
آرے خواہم دید اما ہرچہ میگفت بگستاخی
میگفت حضرت شیخ العالم رح فرمودند ببین
او نظر کرد چہ بیند کہ در خانقاہ حضرت
شیخ العالم قدس اللہ روحہ
ستون ایستادہ است تا بہ آفتاب
میکرد و خواجہ ہدا گفت اے
شیخ العالم (رح) ستون را خدا میگوئی

فوراً رسی گلے مین ڈالکر کھینچنے لگا شیخ العالمؒ سب
مریدون کے ساتھ حق حق کا لفظ فرماتے تھے
اور اسی رسی مین گھسٹتے چلے جارہے تھے الغرض
جب خواجہ ہدا نے حضرت شیخ العالمؒ کو نہین چھوڑا
تو حضرت شیخ العالمؒ نے اسکے کفارہ کی روٹی پکوائی
اور اپنے مرید شیخ برہان کے ہاتھ مین دی اور
فرمایا کہ یہ روٹی قاضی رضی خواجہ ہدا کے باپ کو دو
شیخ برہانؒ نے وہ روٹی لیجا کر قاضی رضی کے سامنے
رکھدی قاضی رضی کو بھوک بہت تھی قاضی نے
فوراً روٹی لے لی اور چاہتے تھے کہ کھائین
کہ اتفاق سے میان سید قطبؒ موجود تھے
انھون نے قاضی کا ہاتھ پکڑ لیا اور فرمایا کہ
اے قاضی مت کھاؤ کیونکہ حضرت شیخ احمدؒ نے
تیرے بیٹے کو مارا ہے اور یہ کفارہ کی روٹی بھیجی
ہے قاضی رضی نے جب کہ تمام کیفیت معلوم کی
تو تعجب مین رہ گئے اس ماجرا پر ایک گھڑی بھی
نہ گذری ہوگی کہ خواجہ ہدا نے اللہ برتر کے حکم سے
قضا کی قاضی نے حضرت شیخ العالمؒ کی خدمت
مین حاضر ہو کر گریہ وزاری کی کہ مین بھی ایک آنکھ
رکھتا ہون معاف فرمایئے حضرت شیخ العالمؒ نے فرمایا مین
کیا کرون تیر نشانہ پر پہونچ چکا۔ الحاصل قاضی بھی اپنے گھر

در حال ئقّا[1] در گلو انداختہ میبرد حضرت
شیخ العالمؒ با جمیع مریدان لفظ حق حق میگفتند
ومیرفتند الغرض چون حضرت شیخ العالم رح
رانگذاشت حضرت شیخ العالم رح فی الحال
نان کفارت او پزانیدند و بدست شیخ
برہان رح مرید خود دادند و فرمودند این نان
پیش قاضی رضی پدر خواجہ ہدا بدہ شیخ برہانؒ
نان مذکور پیش قاضی رضی نہاد قاضی رضی را گرسنگی
بسیار بود در حال نان بگرفت وخواست
کہ بخورد میران سید قطبؒ حاضر بودند دست
قاضی گرفتند وفرمودند اے قاضی مخور کہ
حضرت شیخ احمد قدس اللہ روحہ پسر
ترا زدہ اند ونان کفارت فرستادہ اند
قاضی چون کل کیفیت معلوم کردند متعجب
شدند ساعتے نگذشتہ کہ خواجہ ہدا مذکور
بفرمان اللہ تعالےٰ وفات یافت قاضی پیش
حضرت شیخ العالم رح آمدہ گریہ وزاری
کرد کہ یک چشم دارم عفو فرمایند فرمودند
کہ چہ کنم تیر بہدف رسید قاضی عاجز شدہ
باز گشت۔

[1] قولہ ئقّا یعنی تقا در گلو سے مراد رسی کا پھندا ہے۔

نقل ہے کہ ملک زکو نے شیخ فریدؒ کو کہ حضرت
شیخ العالم کے داماد تھے بہت رُلایا اور ظلم کیا
حضرت شیخ العالمؒ کو لوگون نے خبر کی کہ میان
شیخ فریدؒ کو ملک زکو کے آدمیون نے پکڑ لیا ہے
حضرت شیخ العالمؒ مریدون کی ایک جماعت
کے ساتھ ملک زکو کے پاس گئے لیکن ملک زکو نے
حضرت مخدومؒ کی سفارش کا کچھ لحاظ نکیا بلکہ شیخ
فریدؒ پر سختی اور ظلم بڑھا دیا بعد اسکے ملک زکو
سوار ہو کر چلا اثناے راہ مین ایک خندق تھی اس
خندق سے گھوڑے کو ہندایا گھوڑا پھاندتے ہی
بہت تیز ہو گیا ملک زکو کی ران وکھڑ گئی اور
گھوڑے کی پیٹھ پر ڈگمگا رہا تھا کہ حضرت شیخ العالمؒ
